ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

ملک بھر میں خواتین کرکٹرز کے ٹرائلز مئی میں ہوں گے

لاہور، 27 اپریل 2022ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے خواتین کھلاڑیوں کے پول کو وسعت دینے کے لیے تمام کرکٹ ایسوسی ایشنز کے اشتراک سے مئی میں ملک بھر میں خواتین کرکٹرز کے ٹرائلز لینے کا اعلان کیا ہے۔ ملک بھر میں منعقدہ ان ٹرائلز کی نگرانی سابق ٹیسٹ اور فرسٹ کلاس کرکٹرز کریں گے۔

یہ ٹرائلز تین مختلف کٹیگریز میں لیے جائیں گے، جس میں انڈر 19، ایمرجنگ اور سینئر خواتین کھلاڑیوں کی کٹیگریز شامل ہیں۔ انڈر 19 کٹیگری میں صرف وہ کھلاڑی شامل ہوں گی جو یکم ستمبر 2003 یا اس کے بعد پیدا ہوئیں۔ ایمرجنگ کٹیگری کے لیے عمر کی حد 19 سے 24 سال تک مقرر کی گئی ہے۔ اسی طرح 25 سے 28 سال تک کی خواتین کھلاڑی سینئر کٹیگری میں ٹرائلز دینے کی اہل ہوں گی۔

زیادہ سے زیادہ نئی خواتین کھلاڑیوں کی شرکت کو یقینی بنانے کے لیے پی سی بی نے فیصلہ کیا ہے کہ ریجنل اکیڈمیز کی خواتین کرکٹرز ان ٹرائلز میں شرکت کرنے کی اہل نہیں ہوں گی۔ پی سی بی پہلے ہی اعلان کرچکا ہے کہ ڈومیسٹک سیزن 23-2022 میں 100 خواتین کرکٹرز شرکت کریں گی۔

ملک بھر میں منعقدہ یہ ٹرائلز فروری 2023 میں جنوبی افریقہ میں شیڈول آئی سی سی انڈر 19 ٹی ٹونٹی ویمنز ورلڈکپ کی بینچ اسٹرینتھ کی مضبوطی کا بھی سبب بنیں گے۔

مختلف کرکٹ ایسوسی ایشنز میں ٹرائلز کا شیڈول:

- بلوچستان: 12 مئی
- سینٹرل پنجاب: 6 تا 9 مئی
- خیبر پختونخواہ: 9 تا 11 مئی
- ناردرن: 10 تا 17 مئی
- سندھ: 18 تا 28 مئی
- سدرن پنجاب: 10 تا 12 مئی

گلگت بلتستان میں ٹرائلز کے شیڈول کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

ثانیہ ملک، سربراہ ویمنز کرکٹ:

ویمنز کرکٹ کی سربراہ ثانیہ ملک کا کہنا ہے کہ ملک میں خواتین کی کرکٹ کی ترقی اور فروغ کے لیے ضروری ہے کہ ملک بھر کی نوعمر لڑکیوں اور خواتین تک اس کھیل کی رسائی کو یقینی بنایا جائے۔ اس اقدام سے انہیں باصلاحیت کرکٹرز کی تلاش میں مدد ملے گی، جن کی مکمل تیاری کے لیے انہیں ضروری سہولیات اور باقاعدہ تربیت فراہم کی جائے گی۔

انہوں نے کہا کہ وہ تمام چھ کرکٹ ایسوسی ایشنز کی مشکور ہیں کہ جنہوں نے بورڈ کے شانہ بشانہ کھڑے ہوتے ہوئے اپنی کرکٹ ایسوسی ایشن میں خواتین کرکٹ کی ترقی اور فروغ میں گہری دلچسپی ظاہر کی۔

بسمہ معروف، کپتان قومی خواتین کرکٹ ٹیم:

قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی کپتان بسمہ معروف کا کہنا ہے کہ جب انہوں نے کرکٹ کھیلنا شروع کی تھی تو اس وقت اس کھیل میں

خواتین کے لیے مناسب مواقع میسر نہیں تھے تاہم پی سی بی کے اس اقدام سے اب یہ کھیل ہر خواہشمند خاتون کرکٹر کی رسائی میں ہوگا جو یقیناً ملک میں خواتین کرکٹ کی ترقی کا سبب بنے گا۔

بسمہ معروف نے مزید کہا کہ نوعمر لڑکیاں اس کھیل میں گہری دلچسپی رکھتی ہیں اور مناسب کوچنگ، تربیت اور سہولیات سے وہ ملک کے لیے شاندار خدمات حاصل کرسکتی ہیں۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager – Media and Communications
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS
Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
WASH HANDS THOROUGHLY
KEEP YOUR DISTANCE
AVOID CROWDED PLACES
WEAR A MASK
COUGH & SNEEZE INTO A TISSUE OR ELBOW
STAY HYDRATED
STAY AT HOME IF YOU FEEL ILL

Commercial Partners
pepsi TCL PARKVIEW CITY

Broadcast & Live Streaming Partners
Daraz SuperSport FLOW SPORTS skySPORT sky sports WILLOW

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial